گئی ہے۔(تبصرہ:ابوالادیب)

### ''بدنظری اور اس کا علاج'' مرتب:محمد اقبال قریشی

قیمت:چار روپے کے ڈاک ٹکٹ ناشر:ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، جناح ٹاؤن، ہارون آباد

زیرِنظر رسالے میں مرتب نے اس بات پر زور دیا ہے کہ جن چیزوں کو اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے اُن پر نگاہ بھی نہ ڈالی جائے۔ بدنظری بہت بڑا گناہ ہے۔مؤلف نے مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ کے ارشادات وملفوظات سے متعلقہ مواد کو یکجا کر دیا ہے۔(تبصرہ:ابوالادیب)

### ''آدابِ اسلام'' افادات:حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ مرتب:محمد اقبال قریشی

ناشر:ادارہ تالیفاتِ اشرفیہ، جناح ٹاؤن، لاہور

چونسٹھ صفحات کی اس چھوٹی سی کتاب میں مرتب نے زندگی کے مختلف شعبوں سے متعلق مولانا اشرف علی تھانویؒ کے ملفوظات سے بہت ہی قیمتی باتیں منتخب کر کے شائع کر دی ہیں۔عام قاری کیلئے بہت ہی مفید کتاب ہے۔(تبصرہ:ابوالادیب)

### ''حجاج بن یوسفؒ '' مؤلف:ابن اعظم

قیمت:۲۰روپے ضخامت:۴۸صفحات ناشر: مکتبہ تطہیر تاریخ اسلام، لاہور، کراچی، اسلام آباد

اس رسالہ میں اموی گورنر حجاج بن یوسف کی زندگی کے حالات وواقعات بیان کئے گئے ہیں اور کوشش کی گئی ہے کہ مرور زمانہ کے ساتھ ساتھ جو گرد وغبار، اشرار کی طرف سے تاریخ پر ڈالا جاتا رہا ہے، اسے صاف کیا جائے کہ ایک خاندان برسر اقتدار آیا تو وہ دوسرے خاندان کی تمام اچھائیوں کو تاریخ سے کھرچنے کی کوشش کرتا رہا۔ دوسرے خاندان کو حکومت ملی تو اس نے سارا زور پہلے خاندان کی برائیاں بیان کرنے میں لگا دیا۔تاریخ کے روز بازار میں، مؤرخ کے صوابدیدی جذبے کے دخل کا انکار مشکل ہے۔انسان محاسن وقبائح کا مجموعہ ہے۔انبیاء ورسل معصوم عن الخطاء اور صحابہ محفوظ ومغفور ہیں۔اور صرف تنقید سے بالا ہیں۔ باقی ہر شخص کو اس کی خوبیوں اور خامیوں سمیت قبول کیا جائے تو شخصیت مکمل ہوتی ہے۔باقی حجاج بن یوسف نے قرآن پاک پر اعراب لگانے سمیت بہت سے اچھے کام کئے۔بے شک وہ ایک اچھا منتظم اور مارشل قسم کا آدمی تھا۔مگر سیدنا عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کی شہادت کا واقعہ جو مآخذ کی قدیم تمام کتابوں میں موجود ہے، اُس سے اُسے بَری کیسے قرار دیا جا سکتا ہے؟ واقعہ کی نوعیت میں فرق ہو سکتا ہے مگر اس کے وقوع میں کوئی حرف نہیں لگایا جا سکتا۔رسالہ لائق مطالعہ ہے۔ (تبصرہ:ابوالادیب)

## دعائے صحت

- مجلس احرار اسلام ملتان کے مخلص کارکن جناب ملک ظہور الحق کے والد صاحب شدید علیل ہیں۔
- مجلس احرار اسلام کے قدیمی معاون محترم سید عبدالستار شاہ صاحب (بدلی شریف، ضلع رحیم یار خان) شدید علیل ہیں اور ہسپتال داخل ہیں۔ قارئین اُن کی صحت یابی کے لیے دعا فرمائیں۔(ادارہ)